زرِ سالانہ ڈیڑھ روپے | اردو کی نئی اور پرانی مطبوعات کا خبرنامہ | رجسٹرڈ ستمبر اپریل 1946

ماہنامہ نگارشات امروہہ

۲۴۴۲۲۱

جلد (۲) | نومبر ۱۹۷۲ء | شمارہ (۴)

انداز نظر

اردو ادب میں سکھوں کا حصہ

یہ قابل قدر کتاب جس میں گرونانک سے عہد حاضر تک کے اردو کے سکھ شعرا اور ادیبوں کا تذکرہ ہے اپنی جگہ ایک ٹھوس اور قابل مطالعہ حیثیت رکھتی ہے۔ جناب امام مرتضیٰ نقوی اور جناب مدثر حسین رضوی نے کتاب کی تالیف اور ترتیب میں خاصی سوجھ بوجھ کا ثبوت دیا ہے اس کتاب کی تالیف میں ۲۷ شعرا اور ۱۵ ادیبوں کا تذکرہ ہے۔ آخر میں حاصل نظر عنوان سے، ایسے سکھ شعرا اور ادیبوں کی فہرست دی گئی ہے جن کی سوانح اور کلام اور ادب پارے دستیاب نہیں ہو سکے۔ اور خواہش ظاہر کی گئی ہے کہ ان حضرات کو آئندہ ایڈیشن میں شریک کیا جاسکے گا ۱۸×۲۲/۸ سائز کے چار سو صفحات پر مشتمل ہے کتابت، طباعت۔ جلد دیدہ زیب ہے۔ قیمت پندرہ روپے۔ حکومت پنجاب کو چاہیے۔ یہ کتاب ہر لائبریری میں خریدنے کا انتظام کرے تاکہ آئندہ نسلوں کو یہ معلوم ہو سکے کہ اردو ایک ایسی زبان ہے جسے پنجابی سکھوں نے اپنے زور قلم سے ضیا بخشی اور پھر پنجاب کی حکومت نے ہی اردو کو پنجاب میں ختم کرنے میں سبقت کی۔

سرور تونسوی ایڈیٹر "دستان ہند" دہلی

پورا مرد بنانیوالی

شکتی پلز پر بھروسہ کیجیے

شکتی پلز سے اپنی کھوئی ہوئی طاقت واپس بلایئے۔
شکتی پلز پورا مرد بننے میں مدد دیتی ہیں۔
شکتی پلز وقت بے وقت کی شرمندگی سے بچاتی ہیں۔
شکتی پلز یونانی نارمولے سے بنائی گئی ہیں۔

طاقت کی یہ گولیاں کمزور مردوں کو پورا مرد بناتی وقت بے وقت کی مردانہ کمزوری کی شرمندگی سے محفوظ رکھتی ہیں۔ جوانوں اور ڈھلتی عمر والوں کیلئے یکساں مفید قیمت پچاس گولیاں دس روپے علاوہ محصول ڈاک دو روپے

گردہ اور مثانہ کی

پتھری کا

بہترین علاج

پتھر ریزہ سے بغیر آپریشن کے پتھری خارج ہو جاتی ہے
پتھر ریزہ مثانہ اور پیشاب کی تمام تکلیفوں کا واحد علاج ہے۔
پتھر ریزہ سے مثانہ کی پتھری ریزہ ریزہ ہو جاتی ہے۔
پتھر ریزہ کی چند خوراک کے استعمال سے پتھری باہر نکل جاتی ہے۔
پتھر ریزہ کے ایک کورس کے بعد مزید دوا کی ضرورت نہیں پڑتی۔ قیمت مکمل کورس دس روپے ڈاک خرچ دو روپے۔ اس پتہ سے طلب کیجیے۔

صحت گھر۔ محلہ دانشمندان۔ امروہہ ۲۴۴۲۲۱ (یو۔ پی)

فقیری کڑہ

لوہے کا یہ فقیری کڑہ ہر قسم کی بواسیر کے ہزاروں مریضوں کو فائدہ پہنچا چکا ہے۔ برسہا برس سے یہ اپنے کراماتی اثر و علاج کے لیے دور دور مشہور و معروف ہے اس کے بارے میں زیادہ لکھنا بے کار ہے۔ کیونکہ مشک آنست کہ خود ببوید نہ کہ عطار بگوید! آزمائش شرط ہے!!

درد کا کڑہ

جسم کے کسی عضو میں درد ہو اور دوائیں اثر کرنا چھوڑ چکی ہوں تو پھر اس کڑہ کو آزمایئے۔ اس کڑہ کو پہننے کے بعد آپ دیکھیں گے کہ درد کس طرح کافور ہو جاتا ہے۔ اس پتہ پر لکھیے۔

صوفی سید اکمل مختار شاہ صاحب کڑے والے
دانش محل بیلوچی رام روڈ۔ امروہہ ۲۴۴۲۲۱ یو، پی

ھاضمی

پیٹ میں درد ہو، اپھارہ ہو، کھٹی کھٹی ڈکاریں آتی ہوں، قبض رہتا ہو، کھانا اچھی طرح ہضم نہ ہوتا ہو، گیس کی تکلیف رہتی ہو، قے آجاتی ہو، ثقیل غذائیں ہضم نہ ہوتی ہوں تو ھاضمی لیجئے یہ گولیاں معدہ کے جملہ امراض کے لیے تیر بہدف ثابت ہوتی ہیں دونوں وقت کھانے کے بعد ایک ایک گولی کا استعمال آپ کو ہشاش بشاش رکھنے کے لیے کافی ہے۔ سو گولیوں کی قیمت، صرف پانچ روپے۔ ملنے کا پتہ۔

صحت گھر۔ دانشمندان اسٹریٹ امروہہ ۲۴۴۲۲۱ یو، پی

مالک ایڈیٹر پرنٹر پبلشر ایم۔ اے۔ چ رضوی مطبوعہ کوہ نور پریس لال کنواں، دہلی - پتہ نگارشات امروہہ ۲۴۴۲۲۱

چورس رات

زندگی سے بھرپور افسانوں کا مجموعہ

اردو والے شاکی ہیں بازار میں افسانوں کی مانگ نہیں ناقد کہتے ہیں، یہ افسانوں کا نہیں ناولوں کا دور ہے اگر یہ سچ ہے تو گلزار کا مجموعہ کیوں قارئین کی گہری دل چسپی کا مرکز بن گیا ہے؟ دراصل کہانیاں زندگی کے ساتھ ساتھ چلتی ہیں جب تک زندگی موجود ہے کہانیاں باقی رہیں گی لیکن بوڑھی دادیوں اور بوڑھے دقتوں کی کہانیاں نہیں، آج کی تازہ دم کہانیاں! اور یہ کہانیاں جو مشہور مصنف گلزار نے لکھی ہیں۔ صرف تازہ دم ہی نہیں نت نئی دل چسپ اور آج کے انسان کے پیچیدہ جذباتی زندگی سے پوری طرح ہم آہنگ ہیں اور ان میں وہ سب کچھ ہے جو زندگی کی اندرونی تہوں میں موجود تو ہے لیکن دکھائی نہیں دیتا آپ بھی اس مجموعے میں زندگی کے برہنہ خد و خال دیکھئے۔ قیمت 2/50

جانم

شعر کہنا آسان ہے۔ لیکن دکھ سکھ کے اچھے برے لمحوں کو جذبات کے اتار چڑھاؤ اور احساسات کی بھول بھلیوں سے شعر کے پیکر میں ڈھال دینا مشکل ہے۔ جانم کی نظمیں ان کیفیتوں کی تفسیر ہیں جو محسوس تو ہوتی ہیں بیان نہیں ہوتی ہیں جن کا کوئی نام نہیں گلزار نے انھیں بے نام جذبوں کو نام دیدیا ہے اور اپنی فن کارانہ چابک دستی سے یہ ثابت کر دیا ہے کہ گلزار فلموں کے دل موہ لینے والے گیت ہی لکھنے پر قادر نہیں ایک اچھی اور کبھی نہ بھلائی جانے والی شاعری پر بھی قادر ہے کتاب نہایت اہتمام سے آفسیٹ پر چھاپی گئی ہے کاغذ طباعت اور کتابت نہایت عمدہ۔ قیمت دو روپے۔ علاوہ محصول۔

”وسیم کی غزلوں میں ایک زخمی سی کیفیت ملتی ہے جو ایک طویل داستان غم کا عنوان ہے ان کا غم خاموش اور گہرا ہے۔ ان کی گرفت کبھی ڈھیلی ڈھالی نہیں ان کے پنجے رگ جاں سے الجھے ہوئے ہیں جس سے چھوٹنا محال ہے“ نشور واحدی

”وسیم کے ہاں ”غم“ علامت مرگ ہوتے ہوئے بھی زندگی کا عکاس ہے اس نے کوشش کی ہے کہ وہ اس کرۂ ارض پر بسنے والے تمام انسانوں کے چھوٹے بڑے داخلی اور خارجی مسائل غم کو صرف پیش کر کے چھوڑ نہ دے بلکہ ایسا راستہ بھی بتا دے جس پر چل کر غم زدہ انسان دائمی مسرت کے پُرنور افق کو چھولے“ شمیم کرہانی

اردو کے مشہور تاثراتی شاعر اور ثانی فانی

وسیم بریلوی کے

کلام کا وہ مجموعہ جس کا ہر شعر کسی حادثے کا سراپا نگار ہے

تبسّم غم

خوبصورت سرورق، دیدہ زیب کتابت، شاندار طباعت

قیمت۔ دو روپے پچاس پیسے علاوہ محصول

اردو کی مزاحیہ کہانیوں کا نمائندہ مجموعہ

سانپ مار خاں (ہندی ایڈیشن)

آج کی مصروف زندگی اور کش مکش میں ہنسنا کتنا دشوار ہے؟ لیکن ہنسنا انسان کے لیے کتنا ضروری ہے؟ اس اہم ضرورت کی تکمیل کے لیے آپ یہ کتاب ضرور پڑھیں۔ بہترین طباعت گلیزڈ پیپر قیمت:- ۲/۵۰ علاوہ محصول